کتاب نما

قلب، ڈاکٹر سید اسلم علیگ۔ ناشر: سرسید یونی ورسٹی آف انجینیرنگ، یونی ورسٹی روڈ، کراچی۔ ۷۵۳۰۰۔فون: ۰۳۳۳-۲۱۷۹۹۷۰۔ ملنے کا پتا: مکتبہ تعمیر افکار،عقب بقائی ہسپتال، ناظم آباد، کراچی۔ صفحات:۵۵۲ (طبع چہارم)۔ قیمت:۳۰۰ روپے۔

آج ہم روحانی قلب کی بیماری کے ساتھ بڑے پیمانے پر جسمانی قلب کی بیماری کا شکار ہیں۔ روحانی قلب پر مشقِ ستم کرنے والوں میں صحافی، سیاست دان اور علمِ دین سے وابستگی کا دعویٰ کرنے والا ایک طبقہ اپنا کام دکھا رہا ہے، جب کہ دوسری جانب دل کی طبّی بیماری کے کشتگانِ ستم، مختلف عطائیوں کی چرب زبانی اور متعدد ڈاکٹروں کی جلب زر کے ہاتھوں زندگی اور موت کے درمیان معلق ہیں۔

زیرِنظر کتاب کے مصنف ڈاکٹر سید اسلم نے میڈیکل کی تعلیم کنگ ایڈورڈ میڈیکل لاہور، کینیڈا اور امریکا کی اعلیٰ یونی ورسٹیوں سے حاصل کی۔ امراضِ دل کے ماہر معالج کی حیثیت سے ۵۵ برس سے بنی نوعِ انسان کی خدمت کر رہے ہیں۔ ان کا ایک اور قابلِ تحسین کارنامہ یہ کتاب ہے، جس میں انھوں نے مرضِ دل کے آغاز، علاج، صحت کی بحالی اور مرض سے بچاؤ کی تدابیر عام فہم، مؤثر اور دل چسپ اسلوبِ بیان میں تحریر کی ہیں۔ کتاب پڑھتے ہوئے قاری محض امراضِ دل کے آغاز اور نتائج ہی سے واقف نہیں ہوتا، بلکہ اس کے ساتھ ہی ساتھ سماجیات، صحت، نفسیات اور زندگی گزارنے کی سائنس تک سے واقفیت حاصل کر لیتا ہے۔

وطنِ عزیز میں تحریر و تقریر میں انگریزی زبان کا غلبہ ہے۔ مصنف نے اُردو اور وہ بھی شُستہ، شائستہ اور عام لوگوں کی سمجھ میں آنے والی اُردو میں سائنس اور طب کے پیچیدہ ترین مسائل و مباحث کو ایسے عمدہ پیرایے میں بیان کیا ہے کہ میڈیکل سائنس کا موضوع بھی ادب اور ابلاغیات کی طرح آسان محسوس ہوتا ہے۔ یہ کتاب تندرست لوگوں کو دل کے مرض سے بچانے اور مرضِ قلب کا شکار

مریضوں کو صحت یاب کرنے کا جیبی انسائیکلوپیڈیا ہے۔ اگر کوئی دل چسپی رکھنے والا فرد انگریزی طبّی اصطلاحوں کے اُردو متبادل لفظوں کو اس کتاب سے اخذ کرلے تو میڈیکل کے طالب علموں کو حیرت ہوگی کہ وہ پیچیدہ چیزوں کو کتنے آسان لفظوں میں واضح کرسکتے اور مریضوں کو بات سمجھا سکتے ہیں۔(سلیم منصور خالد)

تعارف کتب

⊙ **مسلمان خاندان** (اسلام کی آغوش میں)، ترجمہ وترتیب: محمد اختر صدیق۔ ناشر: مکتبہ اسلامیہ، رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۳۷۲۴۴۹۷۳-۰۴۲۔ صفحات: ۳۲۰۔ قیمت: درج نہیں۔[مادیت اور مغربی ثقافتی یلغار کے نتیجے میں مسلمان خاندان بھی متاثر ہورہا ہے اور طلاق کی بڑھتی ہوئی شرح باعث تشویش ہے۔ زیرنظر کتاب میں اسلام کی معاشرتی اقدار، خاندان کی بنیادیں، میاں بیوی کے حقوق، خاوند اور بیوی کی اصلاح جیسے موضوعات کو زیربحث لایا گیا ہے۔ فقہی اور معاشرتی مسائل کا حل، علماے عرب وعجم کے فتوؤں سے پیش کیا گیا ہے۔ مسائل کی تفہیم کے لیے دل چسپ واقعات بھی شاملِ کتاب ہیں۔ اپنے موضوع پر مفید کتاب۔]

⊙ سہ ماہی **الحنیف**، کراچی، مدیراعلیٰ: سید عرفان طارق۔ ملنے کا پتا: جامعہ حنفیہ، فاروقی مسجد، سعودآباد، کراچی-۷۵۰۸۰۔ فون: ۳۴۵۰۲۰۶۲-۰۲۱۔ قیمت (فی شمارہ): ۲۵ روپے۔[دینی مدارس کے روایتی مجلوں سے قدرے مختلف انداز لیے ہوئے جامعہ حنفیہ کا ترجمان۔ قرآن، حدیث، فقہ، سیرت کے علاوہ حالاتِ حاضرہ، معاشرتی مسائل، مغرب اور اسلام کی کش مکش اور تاریخ کے موضوعات پر تحریریں۔ ادب، نعتیہ کلام، غزلیات، طنزومزاح اور حفظانِ صحت کے اصول ـــــ ایک علمی وفکری اور تحریکی مجلّہ!]

⊙ **اُمت مسلمہ کے مسائل اور ان کا حل**، ڈاکٹر محمود احمد غازی، تدوین: سیدعزیزالرحمٰن۔ ناشر: ریجنل دعوۃ سنٹر (سندھ) کراچی۔ پی ایس ۵/۱- کے ڈی اے اسکیم ۳۳، احسن آباد نزد گلشن معمار، کراچی۔ فون: ۳۶۸۸۱۸۶۲-۰۲۱۔ صفحات: ۳۱۔ قیمت: درج نہیں۔[اُمت مسلمہ کو درپیش مسائل اور چیلنج کا تاریخی تناظر اور سیرت النبیؐ کی روشنی میں جائزہ۔ فکری ونظریاتی، سیاسی واقتصادی، تعلیمی وثقافتی چیلنجوں اور وحدت فکر اور عالم گیریت کے چیلنج کا اِدراک اور حل پیش کیا گیا ہے۔]

ہم نے آج تراویح میں کیا پڑھا؟ اُردو اور سندھی زبان میں تراویح کے دوران روزانہ پڑھے جانے والے قرآن کریم کے حصے کا خلاصہ، نیز رمضان کے تقاضے اور تزکیہ وتربیت پر مبنی مختصر تحریریں، زکوٰۃ کی معاشرتی اہمیت اور ادایگی اور دیگر روزمرہ مسائل کا تذکرہ اور **قرآنی و مسنون دعائیں** بلامعاوضہ دستیاب ہیں۔ خواہش مند خواتین وحضرات عام ڈاک کے لیے ۱۵ روپے اور ارجنٹ میل سروس کے لیے ۳۵ روپے کے ڈاکٹ ٹکٹ بنام ڈاکٹر ممتاز عمر، T-473، کورنگی نمبر۲، کراچی-74900 کے پتے پر روانہ کرکے کتابچے حاصل کرسکتے ہیں۔